Calgary

# پانی سے متعلق ہدایت نامہ برائے مالک مکان

# موسم بہار سے متعلق جانچ فہرست

کالگیری کے بیش قیمت پانی کے ذرائع کی حفاظت کرنا شہر کالگیری، کاروباری اداروں اور کالگیریئنس کے مابین ایک مشترک ذمہ داری ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے آپ متعدد کارروائیاں کر سکتے ہیں کہ آپ کا گھر محفوظ رہے اور پانی کے تئیں زیادہ سے زیادہ کارگزار رہے۔ موسم بہار سے متعلق یہ سادہ سی جانچ فہرست آغاز کے لیے ایک شاندار جگہ ہے۔ اس بارے میں مزید تفصیلات کے لیے پانی سے متعلق ہدایت نامہ سیریز برائے مالک مکان کی جانچ کریں کہ یہ کام کس طرح مکمل کیا جائے۔

## موسم بہار سے متعلق جانچ فہرست

- ☐ اس بارے میں جانکاری حاصل کرنے کے لیے Watering 101 Guide کی جانچ کریں کہ پودوں، جھاڑیوں اور درختوں کو پانی دینا کب شروع کریں۔
- ☐ اس چیز کی منصوبہ بندی کرنے سے پہلے کہ آپ اس موسم میں کون سے پودے لگائیں یارڈ اسمارٹ (YardSmart) پودوں کی فہرست کی طرف رجوع کریں۔
- ☐ لان کی ایئریٹنگ اور ڈیتھیچنگ کا لائحہ عمل تیار کریں۔
- ☐ باغوں اور لانوں سے ملبہ اور جانوروں کا فضلہ صاف کریں، کسی بھی مرجھائے ہوئے یک سالہ پودوں کو ہٹائیں اور کئی سال رہنے والے پودوں کی چھٹائی کریں۔
- ☐ کسی بھی ایسی گھاس پھوس کو اکھاڑ دیں جو اگ گئی ہو۔
- ☐ باغوں اور لانوں کو مرکب کھاد سے فرٹیلائز کریں۔ شہر کالگیری کی مرکب کھاد لینے کی تاریخوں کی جانچ کریں اور انہیں اپنے کیلنڈر میں شامل کر لیں۔
- ☐ اپنے باغوں میں ملچ کی کھاد ڈالیں۔ شہر کالگیری کی ملچ کی کھاد لینے کی تاریخوں اور جگہوں کی جانچ کریں اور انہیں اپنے کیلنڈر میں شامل کر لیں۔
- ☐ اپنا رین بیریل مرتب کریں یا نصب کریں، یا گرین کالگیری سے ایک خریدنے پر غور کریں۔
- ☐ اپنے لان موور کی سروسنگ کرائیں، بلیڈز کو تیز کرائیں اور اپنی گھاس کو صحت مند رکھنے کے لیے کٹائی کی اونچائی تین انچ پر مرتب کریں۔
- ☐ پانی دینے والے کینز اور ہوسیز کی جانچ اور مرمت کرائیں۔
- ☐ اپنے بیرونی ٹیپ سے پانی کے رساؤ اور آب پاشی کے سسٹم کی جانچ کریں۔
- ☐ پانی کی نکاسی کے پرنالہ کی صفائی اور مرمت کریں، اور بارش کے پانی کو اپنے مکان سے دور لے جائیں، مثالی طور پر اپنے باغ کی طرف۔
- ☐ اپنے گھر کے قریب گلی میں بارش کے پانی کی نالیوں سے کسی بھی قسم کے ملبہ کی صفائی کریں۔
- ☐ اپنے بیرونی پول یا گرم پانی کے ٹب کی جانچ اور مرمت کریں۔
- ☐ رساؤ کے لیے تمام بیرونی واٹر فکسچرز جیسے فواروں اور تالابوں کی جانچ کریں۔
- ☐ اگر آپ کے پاس کوئی آب پاشی کا خود کار سسٹم ہے تو کسی مصدقہ کراس کنیکشن ٹیسٹر کے ذریعہ اپنے واپس بہاؤ کی روک تھام کے آلہ کی جانچ کرانے کے لیے لائحہ عمل مرتب کریں۔

**اندرون خانہ:**

- ☐ رساؤ یا خرابی کے لیے اپنے سمپ پمپ کی جانچ کریں۔
- ☐ گھر کی مستقل دیکھ ریکھ کے حصہ کے طور پر ہر چھ مہینے میں اپنے گھر کے اندر رساؤ کی جانچ کے لیے اپنے واٹر میٹر کا استعمال کریں۔
- ☐ رساؤ کے آلات کا استعمال کرتے ہوئے اپنے ٹوائیلیٹ، ٹیپس، ہیومیڈیفائر، گرم پانی کے ہیٹر، واٹر سافٹنر اور دیگر پانی کی جانچ کریں۔

**معاون مشورہ:** اگر آپ سفر کے منصوبے بنا رہے ہیں تو اپنی واٹر سروس بند کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے اپنے گھر کی بیمہ پالیسی کی جانچ کریں، اور تصدیق کریں کہ جب آپ باہر ہوں گے اس دوران کسی کو آپ کے گھر پر کتنی بار جانچ کرنے کی ضرورت ہوگی۔

Calgary

# پانی سے متعلق ہدایت نامہ برائے مالک مکان

## موسم خزاں سے متعلق جانچ فہرست

کالگیری کے بیش قیمت پانی کے ذرائع کی حفاظت کرنا شہر کالگیری، کاروباری اداروں اور کالگیریئنس کے مابین ایک مشترک ذمہ داری ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے آپ متعدد کارروائیاں کر سکتے ہیں کہ آپ کا گھر محفوظ رہے اور پانی کے تئیں زیادہ سے زیادہ کارگزار رہے۔ موسم خزاں سے متعلق یہ سادہ سی جانچ فہرست آغاز کے لیے ایک شاندار جگہ ہے۔ اس بارے میں مزید تفصیلات کے لیے پانی سے متعلق ہدایت نامہ سیریز برائے مالک مکان کی جانچ کریں کہ یہ کام کس طرح مکمل کیا جائے۔

### موسم خزاں سے متعلق جانچ فہرست

- ☐ اس بارے میں جانکاری حاصل کرنے کے لیے Watering 101 Guide کی جانچ کریں کہ پودوں، جھاڑیوں اور درختوں کو پانی دینا کب بند کریں۔
- ☐ اپنے باغ میں کوئی موسمی اضافے کرنے جیسے بلب لگانے کے لیے YardSmart پودوں کی فہرست کی طرف رجوع کریں۔
- ☐ پودوں کی کیاریوں سے ملبہ اور مرجھائے ہوئے یک سالہ پودوں کو صاف کریں، اور کئی سال رہنے والے پودوں کی کٹائی کریں۔
- ☐ کئی سال رہنے والے پودوں اور درختوں کے گرد ملچ کی کھاد رکھیں تاکہ انہیں پالے سے بچایا جا سکے۔
- ☐ اپنے درختوں اور جھاڑیوں کی چھٹائی کریں۔
- ☐ اپنی گھاس کو ڈارمینسی میں بڑھنے دیں – پانی دینا بند کر دیں اور کاٹنا بند کر دیں۔
- ☐ موسم سرما کے رساؤ سے بچنے کے لیے بیرونی واٹر سپلائی بند کر دیں۔
- ☐ اپنے آب پاشی کے سسٹم کو ٹھیک سے ونٹرائز کریں اور رساؤ سے بچنے کے لیے بند کر دیں۔
- ☐ اپنے گٹرز سے ملبہ صاف کر دیں۔
- ☐ پانی کی نکاسی کے پرنالہ کی صفائی اور مرمت کریں، اور بارش کے پانی کو اپنے مکان سے دور لے جائیں، مثالی طور پر اپنے باغ کی طرف۔
- ☐ اپنے رین بیریل کو صاف کریں اور ٹھیک سے ونٹرائز کریں۔

**اندرون خانہ:**

- ☐ کیا آپ کے پاس ابھی بھی ایک پرانا، ہائی فلو والا ٹوائیلیٹ ہے؟ رقم اور پانی بچانے کے لیے اسے لو فلو والے واٹر سینس (WaterSense) کی طرف سے منظور شدہ ماڈل سے بدلنے پر غور کریں۔
- ☐ رساؤ یا خرابی کے لیے اپنے سمپ پمپ کی جانچ کریں۔
- ☐ اپنے بیسمنٹ میں واقع پیچھے کی طرف بہاؤ والے والو کی صفائی کریں۔
- ☐ گھر کی مستقل دیکھ ریکھ کے حصہ کے طور پر ہر چھ مہینے میں اپنے گھر کے اندر رساؤ کی جانچ کے لیے اپنے واٹر میٹر کا استعمال کریں۔
- ☐ رساؤ کے آلات کا استعمال کرتے ہوئے اپنے ٹوائیلیٹ، ٹیپس، ہیومیڈیفائر، گرم پانی کے ہیٹر، واٹر سافٹنر اور دیگر پانی کی جانچ کریں۔
- ☐ اپنے گرم پانی کے ہیٹر، واٹر سافٹنر اور ہیومیڈیفائر کی سروسنگ کرائیں۔

**معاون مشورہ:** کسی توسیعی چھٹی پر جا رہے ہیں؟ اپنی واٹر سروس بند کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے اپنے گھر کی بیمہ پالیسی کی جانچ کریں، اور تصدیق کریں کہ جب آپ باہر ہوں گے اس دوران کسی کو آپ کے گھر پر کتنی بار جانچ کرنے کی ضرورت ہوگی۔

19-0002046